# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 20 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰ ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10 بجے

**** **** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ صاف ' صحت مند اور ترقی یافتہ بھارت بنانے کی صدر جمہوریہ کی اپیل

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج وردھا کے دورے پر

☆ ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کو پانے کے لیے بینکوں کا اہم کردار' مرکزی وزیرخزانہ کا بیان

☆ وزیراعظم نریندرمودی کی سرپرستی میں حکومت کی تیسری معیاد میں اب تک 15/لاکھ کروڑ روپیوں کی اسکیموں کی شروعات

اور

☆ بانگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ کرکٹ مقابلہ میں بھارت کے پہلے دِن کے اخیر تک 6/وکٹ پر 339/رن

اب خبریں تفصیل سے...

صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو نے اپیل کی ہے کہ صاف سُتھرا بھارت' صحت مند اور ترقی یافتہ بھارت بنائیں۔ وہ کل مدھیہ پردیش کے اُجین میں صفائی متر اجلاس سے خطاب کررہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ سوچھ بھارت مشن کے ذریعے ملک کے عوام میں صفائی سے متعلق بیداری بڑھی ہے اور اُن کے برتاؤ میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ 2025ء تک چلنے والے سوچھ بھارت مشن کے دوسرے مرحلے میں ہمیں مکمل صفائی کا عہد کرنا ہے۔ اِس موقعے پر اُنھوں نے عظیم شاعر کالی داس کو یاد کیا اور اُجین کی قابل رشک تاریخ کا جائزہ لیا۔

دریں اثناء صدر جمہوریہ نے اِندور کے مُرگنینی ریاستی آرٹ گیلری کا دورہ کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے خریدی کر کے UPI سے بل ادا کیا۔ اِندور کی دیوی اہلیہ یونیورسٹی کے ڈائمنڈ جُبلی فیسٹیول سے بھی صدر جمہوریہ نے خطاب کیا۔

**** **** *****

وزیراعظم نریندرمودی آج وردھا ضلعے کا دورہ کررہے ہیں۔ وہ قومی پروگرام '' پی ایم وشوکرما '' میں شرکت کریں گے۔ وشوکرما اسکیم کے استفادہ کنندگان کو صداقت نامے اور قرض کی تقسیم وزیراعظم کریں گے۔ اِس اسکیم کے ایک سال مکمل ہونے پر اُن کی طرف سے ایک خصوصی ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا جائے گا۔

مودی اَمراوتی میں پی ایم مِترا ایک عظیم مربوط ٹیکسٹائل کمپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ یہ منصوبہ جو ایک ہزار ایکر رقبے پر بنایا جا رہا ہے۔ MIDC تیار کرے گا۔ مہاراشٹر حکومت کی ''آچاریہ چانکیہ اِسکِل ڈیولپمنٹ مرکز اسکیم کا افتتاح بھی وزیرِاعظم کے ہاتھوں ہوگا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر خزانہ نِرملا ستیا رمن نے کہا ہے کہ ملک میں بینکنگ شعبہ کو ترقی یافتہ بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے بہت اہم رول ادا کرنا ہوگا۔ وہ کل پونا میں بینک آف مہاراشٹر کے 90/ویں یومِ تاسیس کی تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ اپنے فائدے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے خطرے کو کم کرنے کے لیے ہمیں ٹیکنالوجی سے لیس ہونے کی ضرورت ہے۔ آج کل ہونے والی ڈِجیٹل لین دین میں سے تقریباً 45/فیصد ہندوستان میں ہوتے ہیں۔ سیتا رمن نے بینکوں پر زور دیا کہ وہ اِس تناسب کو بڑھانے کی کوشش کریں۔

***** ***** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت نے اپنی تیسری میعاد کے ابھی 100/دِن مکمل کیے ہیں۔ حکومت نے تمام شعبوں جیسے بنیادی ڈھانچے ' کسانوں 'متوسط طبقے ' خواتین اور نوجوانوں کے لیے 15/لاکھ کروڑ روپئے کی اسکیمیں شروع کی ہیں۔ حکومت نے ملک میں صحت اور تعلیم کے شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے نئے نئے اقدامات کیے ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے نے یقین دلایا ہے کہ حکومت خواتین کے ساتھ ہونے والے مظالم کے مجرموں کو سزائے موت دینے پر کام کر رہی ہے۔ وزیرِاعلیٰ نے کل بلڈھانہ میں وزیرِاعلیٰ خواتین خودمختاری مہم کے تحت وزیرِاعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے مستفیدین کے اعزازی اجلاس سے مخاطب تھے۔ اِس موقع پر ریاست کے نائب وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس و اجیت پوار ' وزیرِ تعاون دلیپ ولسے پاٹل' مرکزی وزیرِ مملکت آیوش پرتاپ راؤ جادھو ' رُکن اسمبلی سنجئے گائیکواڑ سمیت دیگر موجود تھے۔

***** ***** *****

سابق رکن پارلیمنٹ سنبھاجی راجے چھترپتی ' سوابھیمانی شیتکری سنگٹھنا کے صدر راجو شیٹی اور پرہار کے رکن اسمبلی بچو کڑو نے کل پونا میں پریورتن مہاشکتی کا اعلان کیا۔ اِس میں منسے صدر راج ٹھاکرے' مراٹھا ریزرویشن احتجاجی منوج جرانگے اور وِنچت بہوجن آگھاڑی کے پرکاش امبیڈکر کو ساتھ لے کر بات چیت کی جائے گی۔

***** ***** *****

صفائی ہی خدمت اِس ریاستی سطح کی مہم کا آغاز وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل ممبئی کے گیرگاؤں چوپاٹی سے کیا۔ ممبئی میں ڈیپ کلین ڈرائیو کے ذریعے سڑکوں کو صاف کیا جاتا ہے اور پانی سے دھویا جاتا ہے جس کی وجہ سے ممبئی کی آلودگی میں کمی آتی ہے۔ اِس پر فخر کرتے ہوئے وزیرِاعلیٰ نے کہا کہ صفائی کرنے والا عملہ ہی ممبئی کے اصل ہیرو ہیں۔

***** ***** *****

***** ***** *****

# یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

صفائی ہی خدمت 2024ء کے تحت کل ناندیڑ ریلوے اسٹیشن پر سنگل یوز پلاسٹک کے خلاف عوامی بیداری کا اہتمام کیا گیا۔ اِس موقع پر سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر ڈاکٹر وِجئے کرشنا کی رہنمائی میں ایک بیداری راؤنڈ کا انعقاد کیا گیا۔ اِس راؤنڈ میں ریلوے کے افسران اور محکمہ تجارت کے دیگر ملازمین نے شرکت کی۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کے قلعوں کو عالمی ثقافتی ورثے میں شامل کرنے کے سلسلے میں یونسکو کی ایک ٹیم 6/ اور 7/ اکتوبر کو وِجئے دُرگ اور سندھ درگ قلعوں کا دورہ کرے گی۔ اِسی مناسبت سے کلکٹر انیل پاٹل نے اِن دونوں قلعوں کے علاقوں میں صفائی مہم چلانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

کل ناندیڑ ضلعے کے بِلولی تعلقہ کے شنکر نگر میں SBI بینک کے ATM کو توڑ کر 20/ لاکھ 43/ ہزار روپئے لوٹنے کا واقعہ پیش آیا۔ ATM منیجر کیلاش کامبرے کی شکایت پر رام تیرتھ تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے قندھار تعلقہ میں ایک گرام سیوک ساڑھے تین ہزار روپئے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا۔ گرام سیوک ایشورڈفڑے نے شکایت کنندہ سے نمونہ 8A کے لیے ساڑھے تین ہزار روپئے کی رشوت طلب کی تھی۔ ڈفڑے کے خلاف قندھار پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ساہتیہ رتن لوک شاہیر اناّ بھاؤ ساٹھے وِکاس مہامنڈل کی جانب سے لاتور ضلعے کے ماتنگ سماج اور اُس جیسی ذاتوں کے طلباء کو مقابلے کے ذریعے خودانحصاری کے لیے 3/ ماہ کی مفت پیشہ وارانہ تربیت دی جائے گی۔

کارپوریشن کی جانب سے اپیل کی گئی ہے کہ اِس کے لیے صداقت ناموں کی نقل کارپوریشن کے لاتور دفتر میں جمع کرائیں۔

***** ***** *****

بھارت اور بانگلہ دیش کے مابین کھیلی جارہی دو ٹیسٹ کرکٹ میچوں کی سیریز کے چنئی میں کھیلے جارہے ٹیسٹ میچ کے پہلے دِن کل بھارت نے 6/ وکٹوں کے نقصان پر 339/ رنز بنائے تھے۔ پہلے دِن کا کھیل ختم ہونے پر بلّے باز روی چندرن اشوِن 102/ اور روِندر جڈیجہ 86/ رنز بنا کر کریز پر موجود تھے۔ بانگلہ دیش نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ لیتے ہوئے صرف 34/ رنوں پر بھارت کے تین بلّے باز کو آؤٹ کر دیا تھا۔ بلّے باز شُبھمن گِل صفر جبکہ روہت شرما اور وِراٹ کوہلی فی کس 6/ رن بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ بانگلہ دیشی گیند باز حسن محمود نے 4/ اور ناہید رانا اور مہدی حسن معراج نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

***** ***** *****

رکن اسمبلی سنجئے شِر ساٹ نے کل نئی ممبئی کے سِڈکو بھون میں سِڈکو کارپوریشن کے چیئرمین عہدے کی ذمہ داریاں سنبھالی لیں۔ اِس موقعے پر سڈکو کے مینجنگ ڈائریکٹر وِجئے سنگھل سمتی دیگر افسران موجود تھے۔ شہری ترقیات اور ترقیاتی اِدارہ کے طور پر سڈکو کی شناخت کو باقی رکھنے اور نئی ممبئی میں سڈکو کی معرفت قائم کیے جا رہے ہوائی اڈے سمیت اِدارہ کے مقررہ اہداف معیاد میں مکمل کرنے کا عزم سنجئے شِر ساٹ نے اِس موقع پر ظاہر کیا۔

***** **** *****

ناندیڑ شہر میں کل عید میلا دالنبی ﷺ کے ضمن میں جلوس محمدی ﷺ نکالا گیا۔ شہر کے مختلف علاقوں سے ریلیاں نکال کر مرکزی جلوس میں شامل ہوئیں۔ شہر کے نظام کالونی سے نکالا گیا جلوس حبیب ٹاکیز علاقے میں اختتام پذیر ہوا۔ اِس جلوس میں نوجوانوں سمیت بچے بھی بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔

***** **** *****

ریاستی خواتین کمیشن کی جانب سے کل جلگاؤں میں ''خواتین کمیشن آپ کے دروازے پر'' پہل کے تحت عام خواتین کے مسائل کی سنوائی کی گئی۔ ضلع میں درج شدہ خواتین سے متعلق 94/معاملات کی 3/ پینلس نے سماعت کی۔ کمیشن کی چیئرمین روپالی چاکنکر اِس موقع پر موجود تھیں۔

***** **** *****

کانگریس رہنما راہل گاندھی سے متعلق شیوسینا اور بی جے پی عہدیداران کی جانب سے حال ہی میں دیے گئے متنازعہ بیانات کے خلاف بی جے پی کی طرف سے کوئی کارروائی نہ کیے جانے کی مذمت میں کل دھاراشیو میں کانگریس پارٹی نے شدید احتجاج کیا۔

***** **** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن میں طویل عرصے تک خدمات انجام دے کر سبک دوش ہونے والے اِنجینئرس کا استقبال کیا گیا۔ یہ استقبالیہ تقریب میں میونسپل کمشنر و ایڈمنسٹریٹر جی شریکانت کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اِس موقعے پر سبک دوش انجینئرس نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے نئے رجوع ہونے والے اِنجینئرس کی رہنمائی کی۔

***** **** *****

ہنگولی ضلعے میں بکریاں لے کر جانے والا ٹرک پلٹ جانے سے 85/بکریاں فوت ہوگئیں۔ ہنگولی کے کنیئر گاؤں ناکے پر کل صبح یہ حادثہ پیش آیا۔

***** **** *****

آ خر میں  خبر و ں کی سر خیا ں ا یک مر تبہ پھر سُن لیجیے . . .

☆ صاف ، صحت مند  اور  تر قی یا فتہ بھارت بنانے کی صدر جمہوریہ کی اپیل

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج وردھا کے دورے پر

☆ تر قی یا فتہ بھارت کے ہدف کو پانے کے لیے بینکوں کا اہم کردار، مرکزی وزیرخزانہ کا بیان

☆ وزیراعظم نریندر مودی کی سرپرستی میں حکومت کی تیسری معیاد میں اب تک 15/لاکھ کروڑ  روپیوں کی اسکیموں کی شروعات

اور

☆ بانگلہ دیش کے خلاف ٹیسٹ کرکٹ مقابلہ میں بھارت کے پہلے دِن کے اخیر تک 6/وکٹ پر 339/رن

علا قا ئی خبر یں ختم ہو ئیں

آ پ یہ خبر نا مہ ہما ر ے یو ٹیو ب چینل AIR  چھتر پتی سنبھا جی نگر پر د و با ر ہ کسی بھی و قت سُن سکتے ہیں ۔

☆☆☆☆